جمعہ کا دن مسلمانوں کے اتحاد واجتماعیت کا مظہر ہے۔ اس دن کو عام دنوں پر افضلیت حاصل ہے اور خطیب خطباء حضرات کے لئے جمعہ کا بیان مناسبت وموقع کے اعتبار سے بڑا امتحان ہوتا ہے۔ وہ خطباء جن کے پاس علم کی دولت ہے۔ اور کتب بھی موجود ہیں ان کے لئے بعض اوقات موضوع کا تعین کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اگر وقت نہ ہو تو پھر موضوع اور اس کا مواد دونوں مشکل ہوتے ہیں۔ باقی وہ حضرات جو باقاعدہ عالم نہیں ہیں یا کتب بوجہ غربت نہیں خرید سکتے ان کے لئے مواد اور موضوع کا تعین دونوں اہم ہوتے ہیں۔ "خطبات ومواعظ جمعہ" نے یہ مشکل آسان کردی کہ اسلامی مہینوں کی مناسبت سے ہر ماہ کے پانچ وعظ مفصل مرتب اس میں موجود ہیں۔ ہر وعظ قرآن وحدیث، بنیادی عقائد، اعمال حسنہ، تاریخی واقعات اور مناسب اشعار سے مزین ہے۔ بیک وقت ان سب چیزوں کا یک جا مل جانا نعمت عظیمہ ہے۔ نیز انداز سادہ اور عام فہم ہے تاکہ ہر خطیب بآسانی فائدہ اٹھا سکے کتاب کی تالیف میں مستند ماخذ سے بھرپور استفادہ کیا گیا۔ اور بڑی عرق ریزی اور احتیاط کے ساتھ کام لیا گیا۔ نیز اکثر خطبوں کی ابتداء میں موقع کی مناسبت سے بہت عنوانات وموضوعات کی نشان دہی بھی کردی گئی ہے تاکہ خطیب اپنی صوابدید سے کسی موضوع پر بھی بیان کرلے۔ جس خطیب صاحب کے پاس یہ کتاب ہوگی اس کو اب زیادہ ورق گردانی کی ضرورت نہ رہے گی۔ کیونکہ بہترین مواد یکجا اس میں موجود ہے۔

عام پڑھے لکھے حضرات کے لئے بھی یہ کتاب قیمتی تحفہ ہے جس کے مطالعہ سے عقائد کی درستگی، اعمال کا شوق اور معلومات میں اضافہ ہوگا۔ گرانی ومہنگائی کے اس زمانہ میں ایسی کتاب کا ہونا گویا سینکڑوں کتابوں کا ہونا ہے۔

اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر عطا فرمائیں اور اس کوشش کو قبول فرمائیں۔ آمین

سازش کا پردہ چاک ہوتا ہے | تصنیف۔ پروفیسر محمد اسلم رانا۔ ضخامت۔ ۴۰ صفحات۔ قیمت چار روپے (کے ڈاک ٹکٹ) ناشر۔ مکتبہ "المذاہب" ملک پارک شاہدرہ لاہور۔

مخترم جناب رانا صاحب کے نزدیک عیسائیوں کا یہ دعویٰ کہ مذہبی جنونی مسلمان اقلیتوں پر ظلم کرتے ہیں۔ اور ان کے زیر اثر ۴۲ برس سے پاکستانی حکومتوں نے اقلیتوں کو مصائب وآلام کی سولی پر چڑھا رکھا ہے جس کی سزا بھارت میں مسلمانوں کو بھگتنی پڑتی ہے محل نظر ہے۔ انہوں نے عالمی منظر کی روشنی میں بالغ نظری سے مذکورہ مسیحی نظریہ کا محنت اور جانفشانی سے تحقیقی جائزہ لیا۔ مؤلف نے درج ذیل عنوانات عیسائیوں کا سفید جھوٹ۔ بھارت میں مسلم کشی کی بنیاد۔ اسلام اور ہندو مت۔ تقسیم ہند کا پس منظر۔ ہندو مسلم دشمنی کی انتہا کا نشان۔ پاکستان، بھارت میں مسلمانوں کے موجودہ قتل وغارت کا منظر۔ ہندوستان ہندوؤں کے لئے اور بھارتی سیکولرزم۔

اقلیتوں کی پاکستان دشمن سرگرمیوں، قیام استحکام پاکستان کی ضرورت واہمیت اور سیکولرزم کے علمبردار ہندو بھارت کے مکروہ عزائم جاننے کے خواہشمندوں کے لئے یہ کتاب بیش بہا معلومات کا مخزن ہے (عبدالقیوم حقانی)